قرارداد تعزیت

اخبار الجامعہ

جامعہ سلفیہ کے اساتذہ کرام کا ایک نہایت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں دیگر امور کے علاوہ جامعہ کے پرنسپل جناب محمد یسین ظفر کے تایا جان حاجی خوشی محمد آف وہاڑی کی رحلت پر ایک قرارداد تعزیت منظور کی گئی۔ مولانا محمد یونس نے قرارداد پیش کرتے ہوئے بتایا کہ مرحوم نہایت ہی صالح اور باکردار مسلمان تھے۔ زہد و تقویٰ کے مالک تھے۔ قرارداد میں جناب یسین ظفر اور تمام لواحقین کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

مولانا محمد اشرف جاوید لائبریرین جامعہ سلفیہ کے بھائی ابو عبداللہ مقبوضہ کشمیر میں شہید ہو گئے۔

جامعہ کے تمام اساتذہ کرام نے ان کی شہادت پر لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی شہادت کو قبول فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

مولانا عبدالغفار حسن نے بے شمار علمی' ادبی' دینی' مذہبی' تاریخی' فقہی اور تحقیقی مقالات' ماہنامہ محدث دہلی' اخبار محمدی دہلی' اہل حدیث گزٹ دہلی' اہل حدیث امرتسر' ترجمان القرآن لاہور' المنیر فیصل آباد' الاعتصام لاہور اور ماہنامہ میثاق لاہور میں لکھے۔

مولانا عبد الغفار حسن کی حدیث اور علوم حدیث پر وسیع نظر ہے اور حدیث کے معاملہ میں معمولی سی مداہنت بھی برداشت نہیں کرتے۔ ان کی تمام تصنیف حدیث اور علوم حدیث سے متعلق ہیں آپ نے جو کتابیں لکھی ہیں۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے

۱۔ انتخاب حدیث
۲۔ حجیت حدیث
۳۔ عظمت حدیث
۴۔ مزارعت پر تحقیقی نظر
۵۔ من اضالیل القادینیہ (عربی)